تفسیر مظہری

تالیف

حضرت علامہ قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتیؒ

تفسیری ترجمہ مع ضروری اضافات

مولانا سید عبدالدائم جلالیؒ

دار الاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان ۲۶۳۱۸۶۱-۰۲۱

تفسیر مظہری

جلد نہم

سورۂ نمل سے سورۂ یٰسین تک

پارہ ۱۹ رکوع ۱۵ تا پارہ ۲۳ رکوع ۴

تالیف

حضرت علامہ قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتی

تشریحی ترجمہ مع ضروری اضافات

مولانا سید عبد الدائم الجلالی

رفیق ندوۃ المصنفین

ناشر

دار الاشاعت

اردو بازار کراچی ۱ — فون ۲۱۳۷۶۸

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی دارالاشاعت کراچی

طباعت : ۱۹۹۹ء خلیل پریس کراچی۔

ضخامت : صفحات در ٦ جلد

ملنے کے پتے

بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت العلوم 26-نابھہ روڈ لاہور
کشمیر بک ڈپو۔ چنیوٹ بازار فیصل آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
مکتبہ رحمانیہ ۱۸ اردو بازار لاہور

فرقہ مرجیہ کا قول ہے کہ گناہ چھوٹے ہوں یا بڑے اگر ایمان سالم ہے تو ان سے مومن کو (آخرت میں) کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔ جس طرح کہ کفر کی حالت میں کوئی طاعت سود مند نہیں۔ احادیث مذکورہ سے فرقہ مرجیہ استدلال کرتا ہے مگر ان کا یہ قول غلط ہے اس سے تو ان آیات واحادیث کا انکار لازم آتا ہے جن میں گناہوں کی ممانعت کی گئی اور چھوٹے بڑے گناہوں کو اللہ کی ناراضگی اور عذاب کا سبب بتلایا گیا ہے اس لئے اہل سنت وجماعت ہی کا مسلک حق ہے کہ کفر کی موجودگی میں کوئی طاعت سود مند نہیں کیونکہ ایسی طاعت طاعت ہی نہیں ہے۔ طاعت تو وہی ہے جو خالص اللہ کے لئے ہو اگر خلوص نہیں تو طاعت معصیت ہے۔ ایمان اسی طرح طاعت کی شرط ہے جس طرح وضو نماز کے لئے۔ البتہ معصیت کا ذاتی تقاضا عذاب ضرور ہے لیکن یہ اللہ کی مشیت پر موقوف ہے وہ چاہے تو معاصی کو معاف کردے اور معاف کرنا نہ چاہے تو عذاب دے۔ معافی توبہ سے ہو یا رسول اللہ ﷺ کی شفاعت سے یا کسی ولی کی سفارش سے یا محض اللہ کی مہربانی اور رحمت سے۔ اگر گناہ گار مومن کو اللہ عذاب بھی دے گا تو وہ عذاب دوامی نہ ہوگا کیونکہ اللہ نے ہر نیکی کے ثواب کا وعدہ فرمایا ہے اور ارشاد فرمایا ہے وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ اور ایمان سب سے بڑی نیکی ہے (ہر نیکی کا مدار ایمان پر ہے) اور اللہ کے وعدہ کے خلاف ہونا ناممکن ہے اور مقام ثواب صرف جنت ہے (لامحالہ ہر مومن جنت میں جائے گا عذاب پانے کے بعد یا بغیر عذاب کے) مومن اپنا ایک گناہ بھی ایسا سمجھتا ہے جیسے وہ پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہو اور پہاڑ اوپر سے گرنے والا ہو اور کافر اپنے گناہوں کو ایسا سمجھتا ہے جیسے ناک پر مکھی بیٹھی ہو اور ہاتھ کے اشارے سے اس کو اڑا دے۔ رواہ البخاری۔

وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾

اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو (یعنی شرک سے توبہ کرو) اور (اسلام قبول کرنے میں) اس کی فرماں برداری کرو قبل اس کے کہ تم پر عذاب واقع ہونے لگے (اور) پھر (کسی کی طرف سے) تمہاری مدد نہ کی جائے۔

اسلموا له اس کی فرماں برداری کرو من قبلكم ان ياتيكم العذاب (حضرت مفسر کے نزدیک) العذاب سے مراد ہے قبر کا عذاب یا قیامت کے دن کا عذاب جب کہ ایمان سود مند نہ ہوگا یعنی قبر کے اندر یا قیامت کے دن عذاب الٰہی میں مبتلا ہونے سے پہلے توبہ کرلو اور فرماں بردار ہو جاؤ کیونکہ اس وقت تمہاری کہیں سے مدد نہیں کی جائے گی۔

وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾

لور تمہارے رب کی طرف سے جو بہترین ہدایت تمہارے پاس بھیجی گئی ہے اس پر چلو قبل اس کے کہ اللہ کا عذاب ناگہانی تم پر آپڑے اور تم کو خیال بھی نہ ہو (کہ کہاں سے آیا اور کیسے آیا)۔

احسن ماانزل سے مراد ہے قرآن مجید کیونکہ ہر کلام سے بہتر اور اعلیٰ ہے۔ یا عزائم مراد ہیں (یعنی عزائم پر چلو رخصتوں سے فائدہ نہ اٹھاؤ)۔

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

(کبھی کل قیامت کے دن) کوئی کہنے لگے کہ افسوس اس کوتاہی پر جو میں نے خدا کی جناب میں کی اور (احکام خداوندی پر) ہنستا ہی رہا۔

ان تقول یعنی ایسا نہ ہو کہ کوئی کہنے لگے نفس میں تنوین تکثیر کے لئے ہے یا تقلیل کے لئے کیونکہ قیامت کے دن ایسا کہنے والے کچھ ہی لوگ ہوں گے۔

حسرت غمگین غم میں پڑ جانا علی مافرطت ما مصدری ہے یعنی تقصیر کوتاہی کرنی فی جنب اللّٰہ یعنی اللہ کی اطاعت میں (حسن) یا اللہ کے معاملہ میں (مجاہد) یا اللہ کے حق میں (سعید بن جبیر) بعض کے نزدیک جنب اللہ سے ذات خدا مراد ہے اور مضاف محذوف ہے یعنی ذات الٰہی کی طاعت میں یا اس کا قرب حاصل کرنے میں میں نے کوتاہی کی۔ بعض نے جنب کا معنی جانب بیان کیا ہے یعنی اس جانب میں نے کوتاہی کو جو مجھے اللہ کی رضامندی تک پہنچا دیتا۔